اللہ سے ڈرو جو تمہارا رب ہے، نمازِ پنجگانہ پڑھو، ماہِ رمضان کے روزے رکھو، اپنے مال کی زکات ادا کرو اور اپنے امرا کی اطاعت کرو، تم اپنے رب کی جنت میں داخل ہو جاؤ گے

ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں: میں نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم کو حجۃ الوداع کے موقع پر خطبہ کے دوران کہتے ہوئے سنا: " اللہ سے ڈرو جو تمہارا رب ہے، نمازِ پنجگانہ پڑھو، ماہِ رمضان کے روزے رکھو، اپنے مال کی زکات ادا کرو اور اپنے امرا کی اطاعت کرو، تم اپنے رب کی جنت میں داخل ہو جاؤ گے"

[صحيح] [رواه الترمذي وأحمد]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے سنہ 10 ہجری کو حجۃ الوداع کے موقعہ پر عرفہ کے دن خطبہ دیا اس حج کو حجۃ الوداع اس لیے کہا جاتا ہے کہ اس موقعہ پر اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم نے لوگوں کو الوداع کہہ دیا اس موقع پر آپ نے تمام لوگوں کو حکم دیا کہ اپنے رب سے ڈریں، بایں طور کہ اس کے احکام کو بجا لایا جائے اور اس کی منع کی ہوئی چیزوں سے دور رہا جائے پانچ وقت کی نمازیں پڑھیں، جن کو اللہ نے دن ورات میں فرض کیا ہے رمضان مہینہ کے روزے رکھیں اپنے اموال کی زکاۃ حق داروں کو دیں اور اس میں بخیلی نہ کریں اور اپنے حکمرانوں کی اطاعت کریں، جب تک کہ وہ اللہ کی معصیت کا حکم نہ دیں جس نے ان کاموں کو انجام دیا، اس کا ثواب دخول جنت ہے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3520